16-خاندانی آمدنی کی منصوبہ بندی

اس عنوان کو سن کر آپ کو کیا سمجھ میں آ رہا ہے؟ آمدنی مطلب پیسہ اور خاندانی آمدنی ہے۔گھر کے افراد کے ذریعہ کمایا ہوا پیسہ یا دولت۔خاندان کو اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے۔خاندانی آمدنی کو ٹھیک طرح سے ترتیب دیں تو تمام ضرورتوں کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

مقاصد:

1) خاندانی آمدنی کی فہرست تیار کرنا۔

2) خرچ اور بچت کے بارے میں جاننا۔

3) خاندان کے لئے بجٹ تیار کرنا۔

4) بچت اور خرچ کو جاننا۔

بچت کا منصوبہ بنانا اور بچت کو کم کرنے کے طریقے سیکھانا۔

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

آمدنی: خاندان کے تمام افراد کے ذریعے کمائے گئے پیسے کو خاندانی آمدنی کہتے ہیں۔

بچت: مستقبل میں آنے والی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ہم اپنی آمدنی میں سے جو پیسے بچاتے ہیں اُسے بچت کہتے ہیں۔

آمدنی بڑھانا: اپنی طاقت، مہارت، عقل مندی کی بناء پر آمدنی کو بڑھانے کی کوشش کریں۔جیسے: ٹیوشن پڑھانا، سلائی کرنا پارٹ ٹائم یا اوور ٹائم کرنا، کچن گارڈن یا مرغی پالن کرنا وغیرہ۔

خرچوں کو گھٹانا: کھانے کو برباد نہ کریں، باہر کھانا کھانے کی عادت کو کم کریں، ایک بار میں ہی پوری خریداری کریں، غیر ضروری خریداری سے بچیں، اسٹیشنری جیسے: پیپر، پنسل کا صحیح استعمال کریں۔بجلی اور پانی کا غیر ضروری استعمال نہ کریں۔

سرگرمی 1:

خاندانی آمدنی کا مطلب ہے، خاندان کے افراد کے ذریعے کمائی ہوئی رقم یا پیسہ۔آمدنی کے وسائل کون کونسے ہو سکتے ہیں؟ آمدنی کے وسائل کی فہرست تیار کریں۔

سرگرمی 2:

اپنے ہفتے بھر کی تمام اخراجات کی فہرست تیار کریں اور ان میں سبھی کاموں کی پالیسی تشکیل کریں۔

سرگرمی 3:

خاندان کے سبھی افراد کے لیے ایک مخصوص رقم طئے کر کے ایک ایک گروپ کو ٹاسک دینا اور اس پر مناسب بجٹ بتا کر خرچوں کی فہرست تیار کرنا۔مثال کے لئے خاندان کے پانچ افراد کو سفر پر بھیجنا۔آپ کے خاندان کے چھ افراد کا ماہانہ خرچ نکالنا۔آپ کے والدین کو گاؤں کے باہر شادی

میں بھیجنا۔اپنے دوستوں کے ساتھ تفریح کے لیے جانا۔اپنے دوستوں کو نئے سال کی سرپرئز پارٹی دینا۔جس میں آپ کے دس دوست شامل ہونگے۔

آیئے بحث ومباحثہ کریں۔

1) اپنے خاندان کے افراد کے لیے کپڑے سینااور سوئیٹر بننا۔خاندان کے لیے ترکاری اگانا۔کیاان کاموں کوکرنے سے آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے؟

2) بچت کیوں کرتے ہیں؟اور بچت کرنا کیوں ضروری ہے؟

3) اخراجات میں بچت کن کن طریقوں سے کی جاسکتی ہے؟

سرگرمی4:

مندرجہ ذیل حالتوں میں آپ اپنے گھر کے اخراجات کوکم کرنے میں کس طرح مدد کرسکتے ہیں۔

1) آپ کے والدایک حادثہ سے متاثر ہوجاتے ہیں اب وہ نوکری پرنہیں جاسکتے ہیں۔اس وجہ سے فل حال ان کوکوئی تنخواہ نہیں مل رہی ہے۔آپ کس طرح گھر کے اخراجات کوکم کرسکتے ہیں مشورہ دیں۔

2) اس سال بارش زیادہ ہونے سے آپ کی فصل کونقصان ہوا ہے۔آپ کے گھر کے اخراجات فصل کو بیچنے سے ہی چلتے ہیں۔تو کس طرح آپ اپنے گھر کے اخراجات کوکم کرسکتے ہیں؟ مشورہ دیجئے۔

3) آپ کی والدہ کی تبعیت اچانک سے خراب ہوگئی ہے۔جس کی وجہ سے گھر میں پیسوں کی تنگی پیداء ہوگئی ہے۔آپ اپنے گھرلے اخراجات کس طرح کم کرسکتے ہیں؟

4) آپ کے گھر میں آپ کے بڑے بھائی کماتے ہیں۔اس نے کچھ رقم سرمایہ کاری میں لگانا شروع کیا ہے۔اوراب اس نے گھر میں پیسے دینا کم کردیا ہے۔آپ اپنے گھر کے اخراجات کوکس طرح کم کریں گیں۔

5) آپ کے گھر میں چوری ہوئی ہے۔جس میں گھر کے اخراجات کی رقم بھی چوری ہوگئی ہے۔آپ کس طرح اپنے گھر کے اخراجات کوکم کرسکتے ہیں؟

اہم الفاظ:

اخراجات،کمائی،چھوٹ،رشوت،ضروری،پارٹ ٹائم۔